الدولۃ المکیہ
بالمادۃ الغیبیہ
مصنف
اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب
بریلوی
مکتبہ رضویہ
آرام باغ روڈ۔ کراچی ۱
فون:- ۲۱۷۸۸۹ ، ۲۱۶۴۶۴

الدولة المكية

بالمادة الغيبية

مصنفہ امام اہل سنت مجدد ملت

اعلیٰحضرت الشاہ احمد رضا خان صاحب قادری رحمۃ اللہ علیہ

مترجمہ حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان صاحب قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

تعلیقاتہا للمصنف باسم التاریخی

الفیوضات الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ

قاری رضا المصطفیٰ اعظمی

مکتبہ رضویہ آرام باغ - گاڑی کھاتہ - کراچی

باہتمام دارالعلوم امجدیہ کراچی

قطع صفوف شائع ہے فتویٰ نویسی میں کچھ دے کر جو چاہو لکھوا لو۔

اگر ان کے عصیان سے کوئی مطلع کر دیوے تو مارنے کو موجود ہو جاویں اور خود شیخ العلماء مولانا سید احمد زینی دحلان قدس سرہ نے جو معاملہ ہمارے شیخ الہند مولوی رحمت اللہ کے ساتھ کیا وہ کسی پر مخفی نہیں در بغداد تو رافضی سے کچھ روپیہ لے کر ابوطالب کو مومن لکھ دیا، خلاف روایات صحاح احادیث کے اور علی ہذا کہاں تک لکھوں کہ طول ہے اور شرم بھی آتی ہے کہ ہجو علماء حرمین کی لکھوں مگر بناچاری لکھنا پڑا۔ کہا اور مفاسد وہاں کے علماء کے زیادہ تر موجب بُعد و خسران کے ہیں وہاں کی معصیت اشد ہے یہاں تک کہ صنؔ پر کہا اس بندۂ عاجز نے ایک نابینا سے جو مسجد مکہ میں بعد نماز عصر وعظ کہتے ہیں حال مجلس مولود کا پوچھا تو انھوں نے فرمایا بدعت، حرام تو اندھے واعظ کو پسند کیا اس لئے کہ اس نے مجلس ذکر میلاد کو حرام بتایا تو ہدایت پر اندھے پن کو پسند کیا اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں کہ ہمیں ہلاکت سے بچائے اور اللہ تعالیٰ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے آل اصحاب پر ہمیشہ درود بھیجے۔ آمین!

نظر ششم

عجب نہیں، بعض وہ شخص جسے نصوص کے معانی اور عموم و خصوص کے مواقع کی پہچان نہیں یوں کہنے لگے کہ جب تم نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے روز ازل سے روز آخر تک کے تمام ماکان و مایکون کا علم ثابت کیا تو اس میں وہ پانچ چیزیں بھی داخل ہو گئیں جنھیں سوا خدا کے کوئی نہیں جانتا پھر ان کا خدا سے مخصوص ہونا کدھر گیا۔ اقول اے شخص تو کتنی جلد بھول گیا، کیا ہم نے تجھے القا نہ کیا کہ اللہ تعالیٰ سے یہ خاص ہے کہ اپنی ذات سے علم ہو اور جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہو رہا مطلق علم عطائی خود اللہ عزوجل ثابت کرنے اور ارشاد

ششم بیان میں پانچ چیزوں کے کہ نہیں جانتا ان کو مگر اللہ